سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۲۰۰۳

SINDH ACT NO.V OF 2003

سندھ معاہدے کے مطابق مقرر کردہ ڈاکٹروں کی مستقلی کا ایکٹ، ۲۰۰۳

THE SINDH REGULARIZATION OF DOCTORS APPOINTED ON CONTRACT BASIS ACT, 2003

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ کچھ ڈاکٹروں کی ملازمت کی مستقلی

Regularization of services of certain doctors

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۲۰۰۳

SINDH ACT NO.V OF 2003

سندھ معاہدے کے مطابق مقرر کردہ ڈاکٹروں کی مستقلی کا ایکٹ، ۲۰۰۳

THE SINDH REGULARIZATION OF DOCTORS APPOINTED ON CONTRACT BASIS ACT, 2003

[۲۰ دسمبر ۲۰۰۳]

ایکٹ جس کی توسط سے کانٹریکٹ بنیادوں پر مقرر کردہ کچھ ڈاکٹروں کی ملازمت کو مستقل کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ کانٹریکٹ بنیادوں پر مقرر کردہ کچھ ڈاکٹروں کی ملازمت کو مستقل کرنا اور اس سے متعلقہ معاملات کے لیئے اقدام اٹھانا مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ معاہدے کے مطابق مقرر کردہ ڈاکٹروں کی مستقلی کا ایکٹ، ۲۰۰۳ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "ایکٹ" مطلب سندھ سرکاری ملازم ایکٹ، ۱۹۷۳؛

(b) "سرکاری ملازم" کی وہ ہی معنی ہے، جو اس کو اس ایکٹ میں دی گئی ہے؛

(c) "کانٹریکٹ پر ڈاکٹر کی مقرری" مطلب کانٹریکٹ بنیادوں پر مکمل قابلیت رکھنے والے ڈاکٹر کی مقرری؛

(d) "عہدہ" مطلب صوبہ کے معاملات سے متعلقہ حکومت کی طرف سے جاری کردہ کوئی عہدہ لیکن اس میں شامل نہیں ایسا عہدہ جو کسی پروجیکٹ کے لیئے پیدا کیا گیا ہو یا پیشگی ایسے کسی پروجیکٹ میں موجود ہو۔

کچھ ڈاکٹروں کی ملازمت کی مستقلی
Regularization of services of certain doctors

۳۔ جب تک کچھ اس ایکٹ یا اس سلسلے میں بنائے گئے قواعد یا کسی ڈکری آرڈر یا کسی کورٹ کے فیصلے کے متضاد نہ ہو، لیکن اس ایکٹ کی دوسری گنجائشوں کے تحت کانٹریکٹ بنیادوں پر ایک ڈاکٹر مقرر کیا گیا ہو اور ایسی مقرری ایک سال سے زائد عرصہ کے لیئے رکھنے والا ہو اور اس ایکٹ کی شروعات سے ملازمت پر ہے، اس کو ایسے عہدے پر سرکاری ملازم کے طور پر مستقل بنیادوں پر اس ایکٹ کی شروعات والی تاریخ سے مقرر سمجھا جائے گا:

بشرطیکہ ایسے ڈاکٹر کی ملازمت جو عہدے کے لیئے بیان کردہ قابلیت نہ رکھتا ہو، اس کو مستقل نہیں کیا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔